# 07-11-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیر اعظم نے کہا کہ وندے ماترم ایک منتر ہے، ایک توانائی ہے، ایک خواب ہے اور ایک عزم ہے۔ وزیر اعظم نے آج نئی دہلی میں وندے ماترم کے 150 سال مکمل ہونے کی سال بھر جاری رہنے والی تقریبات کا آغاز کیا۔

۲۔ریاستی وزیر صحت ڈی سریدھر بابو نے امریکی ریاست اوٹا کے صنعتکاروں کو تلنگانہ میں سرمایہ کاری کرنے کی دعوت دی۔

۳۔ سپریم کورٹ نے آج ملک بھر میں بڑھتے ہوئے آوارہ کتوں کے خطرے سے اہم عوامی مقامات کو محفوظ بنانے کے لیے متعدد احکامات جاری کیے ہیں۔

اور

۴۔ حیدرآباد انٹرنیشنل شارٹ فلم فیسٹیول 19 دسمبر سے دادا صاحب پھالکے اسکول آف فلم اسٹڈیز کے اشتراک سے منعقد کیا جائے گا۔

VANDE MATARAM:

مرکزی وزیر کوئلہ جی کشن ریڈی نے کہا کہ وندے ماترم صرف برطانوی نوآبادیاتی حکمرانوں کے خلاف جدوجہد کی تحریک نہیں تھی بلکہ سابق ریاست حیدرآباد میں نظام اور رضا کاروں کے خلاف بھی حوصلہ کا ذریعہ بنی۔ ریاستی وزیر نے ریاستی بی جے پی صدر رام چندر راؤ اور دیگر رہنماؤں کے ہمراہ حیدرآباد کے کوٹھی میں پارٹی کی جانب سے منعقدہ وندے ماترم کے 150 سال مکمل ہونے کے پروگرام میں شرکت کی۔ وزراء پونم پربھاکر اور جوپلی کرشنا راؤ نے عابڈس کے محبوبیہ گرلز ہائی اسکول میں منعقدہ تقریب میں حصہ لیا۔ پربھاکر نے کہا کہ وندے ماترم نے آزادی کی تحریک کے دوران مجاہدین آزادی کو متاثر کیا۔

اس تاریخی موقع پر وزراء، افسران اور طلبہ نے اجتماعی طور پر وندے ماترم ترانہ گایا جس سے پورا کیمپس حب الوطنی کے جذبے سے گونج اٹھا۔ اس موقع پر وزیر پونم پربھاکر نے کہا کہ وندے ماترم وہ ترانہ ہے جس نے آزادی کی جدوجہد کو تحریک دی اور آج بھی ہمیں اتحاد کے ذریعے اپنے مقاصد حاصل کرنے کی رہنمائی دیتا ہے۔ انہوں نے طلبہ کو ترانے کے جذبہ اتحاد سے سبق لینے اور بہترین کارکردگی کے لیے کوشاں رہنے کی تلقین کی۔ ساؤتھ سنٹرل ریلوے کے جنرل منیجر سنجے کمار سریواستو نے ستیا پرکاش، ایڈیشنل جنرل منیجر اور دیگر سینئر افسران کے ساتھ قومی ترانہ پیش کیا۔ ریاست کے تمام مقامات پر وندے ماترم کے 150 سال مکمل ہونے کی تقریبات منعقد کی گئیں۔

RAID:

پولیس اور الیکشن کمیشن کی فلائنگ اسکواڈ نے آج صبح سابق بی آر ایس ایم ایل اے، ایم جناردھن ریڈی اور ایم ایل سی ٹی رویندر راؤ کے مکانات پر چھاپے مارے۔ شبہ ظاہر کیا گیا کہ انہوں نے جوبلی ہلز کے ضمنی انتخاب کے پیش نظر بھاری رقم چھپا رکھی ہے۔ خصوصی ٹیموں نے ایم جناردھن ریڈی کے موتی نگر والے گھر اور رویندر راؤ کے کوکٹ پلی والے مکان کی تلاشی لی۔ چھاپوں کی اطلاع ملتے ہی بی آر ایس قائدین ان رہنماؤں کے گھروں پر پہنچ گئے تاکہ ان کے ساتھ اظہارِ یکجہتی کر سکیں۔ پولیس نے جوبلی ہلز اسمبلی حلقہ کے ضمنی انتخاب کے پیش نظر تلاشی کارروائیاں تیز کر دی ہیں۔

WEATHER:

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے سات دنوں کے دوران تلنگانہ میں موسم خشک رہنے کا امکان ہے۔ آج جاری کردہ روزانہ موسمی رپورٹ میں کہا گیا کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کے ایک یا دو مقامات پر ہلکی بارش ریکارڈ کی گئی۔

PONNAM:

ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر اور وزیر ایکسائز جوپلی کرشنا راؤ نے یقین ظاہر کیا کہ کانگریس، جوبلی ہلز کے ضمنی انتخاب جو 11 نومبر کو منعقد ہوگا میں زبردست کامیابی حاصل کرے گی۔ حیدرآباد کے گاندھی بھون میں پارٹی دفتر میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کہا کہ کانگریس کو عوام کی مکمل حمایت حاصل ہے اور ضمنی انتخاب کے نتائج اس بات کو واضح طور پر ثابت کریں گے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ بی جے پی، بی آر ایس کے ساتھ ملی بھگت کرکے نتائج میں ہیرا پھیری کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ پونم پربھاکر نے پیش گوئی کی کہ بی جے پی اس ضمنی انتخاب میں دس ہزار ووٹ بھی حاصل نہیں کر پائے گی۔

PREZ:

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج قومی ترانے وندے ماترم کی 150 ویں سالگرہ کے موقع پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں صدر مرمو نے کہا کہ بنکم چندرا چٹوپادھیائے نے انیسویں صدی میں سنیاسی بغاوت کے پس منظر میں لازوال ترانہ وندے ماترم تخلیق کیا تھا جو بعد میں 1905 کی سوادیشی تحریک کے دوران برطانوی راج کے خلاف تحریک آزادی کے لیے لوگوں کو متاثر کرنے کا سبب بنا۔

NEW PM:

وزیراعظم نریندر مودی نے آج نئی دہلی کے اندرا گاندھی انڈور اسٹیڈیم میں قومی ترانے وندے ماترم کے 150 سال مکمل ہونے کی سال بھر جاری رہنے والی تقریبات کا باضابطہ افتتاح کیا۔ وزیراعظم نے اس موقع پر یادگاری ٹکٹ اور سکہ جاری کیا۔ انہوں نے ایک نیا پورٹل "vandemataram150.in" بھی لانچ کیا، جہاں شہری وندے ماترم گاتے ہوئے اپنی ویڈیوس

اپ لوڈ کر سکتے ہیں اوراس کے بدلے میں ایک سند حاصل کر سکتے ہیں۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ وندے ماترم ایک منتر ہے، ایک توانائی ہے، ایک خواب ہے اور ایک عزم ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ ترانہ مادرِ وطن کے لیے عقیدت ومحبت کا مظہر ہے، جو ہمیں تاریخ کی گہرائیوں میں لے جاتا ہے، حال میں خوداعتمادی پیدا کرتا ہے اور مستقبل کے لیے یہ یقین دلاتا ہے کہ کوئی بھی ہدف ناقابل حصول نہیں۔وزیراعظم مودی نے کہا کہ بنکم چندرا نے اسی ترانے کے ذریعے ایک آزاد، متحد اور خوشحال بھارت کے لیے نعرہ بلند کیا۔

SOUND BYTE - MODI

وزیراعظم مودی نے مزید کہا کہ گرودیو رابندرناتھ ٹیگور نے ایک بار کہا تھا کہ بنکم چندرا کا آنند مٹھ صرف ایک ناول نہیں، بلکہ ایک آزاد بھارت کا خواب ہے۔وزیراعظم نے اس بات پر زور دیا کہ وندے ماترم کا ترانہ ہر دور میں قابل عمل اور ہمیشہ زندہ رہے گا۔

SOUND BYTE - MODI

GOVERNOR:

گورنر جشنو دیو ورما نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل لرننگ نے سیکھنے کے طریقے کو ازسرِ نو متعین کیا ہے، جس نے جغرافیہ، مراعات اور مواقع کی تمام رکاوٹوں کو توڑ دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ مہارت ہی نئی طاقت ہے اور مسلسل سیکھنا کامیابی کی روح ہے۔گورنر آج کریم نگر میں ساتاواہنا یونیورسٹی کے دوسرے کانووکیشن کی تقریب سے بطور مہمانِ خصوصی خطاب کر رہے تھے۔انہوں نے کہا کہ نظم وضبط اور تربیت کامیابی کی راہ دکھاتے ہیں۔طلبہ کے سفر سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ صلاحیت سادہ آغاز میں بھی پنپتی ہے اور مستقل مزاجی سب سے بڑی برابری پیدا کرنے والی قوت ہے۔اس موقع پر گورنر نے 25 طلبہ کو پی ایچ ڈی اور 161 طلبہ کو ڈگری اسناد عطا کیں۔

SOUND BYTE

SC-STRAY DOGS:

سپریم کورٹ نے آج ملک بھر میں بڑھتے ہوئے آوارہ کتوں کے خطرے سے اہم عوامی مقامات کو محفوظ بنانے اور شاہراہوں کو آوارہ مویشیوں اور دیگر جانوروں سے پاک کرنے کے لیے متعدد احکامات جاری کیے ہیں۔ جسٹس وکرم ناتھ، سندیپ مہتا اور این وی انجریا پر مشتمل بنچ، جو آوارہ کتوں کے انتظام سے متعلق ازخود نوٹس پر سماعت کر رہی تھی نے حکم دیا کہ تمام تعلیمی ادارے، اسپتال، عوامی اسپورٹس کمپلیکس، بس اسٹینڈ اور ریلوے اسٹیشن مناسب فینسنگ سے گھیرے جائیں تاکہ آوارہ کتوں کی آمد روکی جا سکے۔ عدالت نے مقامی بلدیاتی اداروں کو ہدایت دی کہ وہ ایسے مقامات سے آوارہ جانوروں کو باقاعدگی سے پکڑنے کی کارروائیاں کریں اور انہیں لازمی ویکسی نیشن اور نس بندی کے بعد مخصوص پناہ گاہوں میں منتقل کریں۔

ADD VANDE MATARAM:

مرکزی وزیر کوئلہ و معدنیات نے یاد دلایا کہ وندے ماترم کے نعرے نے بے شمار مجاہدین آزادی کو متاثر کیا اور انہیں نوآبادیاتی غلامی کی زنجیروں کو توڑنے کا حوصلہ بخشا۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ وندے ماترم کسی ایک مذہب کا نعرہ نہیں بلکہ ایک قومی اتحاد کا پیام ہے، جس نے آزادی کی جدوجہد میں سب کو متحد کیا۔ انہوں نے نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ اس جذبے کو آنے والی نسلوں تک منتقل کریں۔

TGFDC:

حیدرآباد انٹرنیشنل شارٹ فلم فیسٹیول 19 سے 21 دسمبر تک داداصاحب پھالکے اسکول آف فلم اسٹڈیز کے اشتراک سے منعقد کیا جائے گا۔ اس تقریب کے لیے کارپوریشن کے موجودہ فنڈس میں سے 30 لاکھ روپے کا بجٹ منظور کیا گیا ہے۔ حکومت نے ینگ فلم میکرس ایوارڈز فنکشن کے انعقاد کی بھی منظوری دی ہے، جس کے لیے مزید 30 لاکھ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ اس موقع کے لیے نئے پینل کی تشکیل کی

گئی، جس میں گلوکار راہل سپلی گنج، ڈائرکٹر بلاگم وینو، ڈائرکٹر ہریش شنکر اور سینماٹوگرافر پی جی وندا شامل ہیں۔ وزیر سینماٹوگرافی کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا کہ یہ اقدامات تلنگانہ حکومت کے اس عزم کی عکاسی کرتے ہیں کہ وہ فلم اور ٹیلی ویژن کے شعبوں میں تخلیقی صلاحیتوں کی حوصلہ افزائی اور ابھرتے ہوئے فنکاروں کے لیے مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

SRIDHAR BABU

ریاستی وزیر صحت ڈی سریدھر بابو نے امریکی ریاست اوٹا کے صنعتکاروں کو تلنگانہ میں سرمایہ کاری کرنے کی دعوت دی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نہ صرف سرمایہ راغب کرنے کی کوشش کر رہی ہے بلکہ طویل مدت تک اشتراک کو بھی یقینی بنائے گی تاکہ اقتصادی ترقی ہو سکے۔ اوٹا سے ورلڈ ٹریڈ سنٹر کے سی او اور منیجنگ ڈائرکٹر ڈیوڈ کارلے باج کی قیادت میں ایک اعلیٰ سطحی وفد نے سکریٹریٹ حیدرآباد میں ریاستی وزیر سری دھر بابو سے ملاقات کی۔ اس وفد میں ایرواسپیس ڈیفنس اڈوانسڈ مینوفیکچرنگ ٹکنالوجی، اے آئی پر مبنی طبی نگہداشت، تعلیم سمیت دیگر شعبوں کے نمائندے موجود تھے۔ اس موقع پر سریدھر بابو نے شرکاء کو تلنگانہ کی صنعتی پالیسی اور سرمایہ کاری اصلاحات سے واقف کروایا۔

○○